19-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　　　　　　　　　شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1. برازیل میں G20 کے رہنماؤں نے Rio De Janeiro اعلامیے کو منظور کیا ہے۔ انھوں نے آب و ہوا کی تبدیلی اور یوکرین اور مغربی ایشیا میں جنگ کے حوالے سے اقدامات پر زور دیا۔
2. وزیراعظم نریندر مودی نے G20 سربراہ کانفرنس کے موقع پر برطانیہ، اٹلی، فرانس اور ناروے سمیت مختلف ملکوں کے عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی۔
3. خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے امریکہ میں Cape Canaveral سے SpaceX کے Falcon 9 راکٹ کے ذریعے اپنے سب سے جدید ترین مواصلاتی سیارچے GSAT 20کو روانہ کیا ہے۔
4. جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کی کَل ہونے والی پولنگ کے لیے سبھی انتظامات کرلیے گئے ہیں۔
5. مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج گاندھی نگر میں آل انڈیا پولیس سائنس کانگریس کی گولڈن جوبلی تقریبات کا افتتاح کریں گے۔
6. اور: آج Shenzen میں چائنا اوپن ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا آغاز ہو رہا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

G-20

برازیل کے شہر میں اپنی 19ویں سربراہ کانفرنس میں G20 کے رہنماؤں نے Rio De Janeiro اعلامیے کو منظور کیا۔ انھوں نے آب و ہوا کی تبدیلی اور یوکرین اور مغربی ایشیا میں جنگ کے حوالے سے اقدامات پر زور دیا۔ کَل رات جاری کیے گئے اعلامیے کا مقصد اہم عالمی چیلنجوں اور بحرانوں کا ازالہ کرنا اور مضبوط، پائیدار اور سب کی شمولیت والی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ اعلامیے میں ایک توسیع شدہ سلامتی کونسل پر بھی زور دیا گیا ہے جس سے ان خطوں اور گروپوں کی نمائندگی کو بہتر بنایا جا سکے گا، جن کی نمائندگی کم ہے یا بالکل نہیں ہے۔اعلامیے میں دہشت گردی کی ہر صورت میں مذمت کی گئی۔

غزہ میں اور لبنان میں بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے اعلامیے میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر فوری طور پر مدد میں اضافہ کیا جائے اور شہریوں کا تحفظ کیا جائے۔ اِس میں بحران کے ازالے کے لیے سفارتکاری اور مذاکرات کے ذریعے ایک پُرامن حل پر زور دیا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC/ Sakshi Singh

اس سال کے اعلامیے میں پائیدار ترقی، آب و ہوا کی تبدیلی، عالمی صحت، اقتصادی بحالی اور مختلف ملکوں کے درمیان اشتراک جیسے وسیع تر معاملات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔اعلامیے کی اہم خصوصیات میں سے ایک 2050 تک کاربن کے اخراج کو بالکل ختم کرنے کے ہدف کو حاصل کرنا ہے۔ اس کے تحت رہنماؤں نے غریبی کے خاتمے، صنفی مساوات اور حفظانِ صحت اور تعلیم تک سب کی رسائی پر توجہ کے ساتھ اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کی خاطر کوششیں تیز کرنے کا بھی عزم کیا۔

مجموعی طور پر اس اعلامیے سے سب کی شمولیت والے، لچکدار اور پائیدار مستقبل کی تعمیر کے لیے ایک مضبوط جامع عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔x

برازیل سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.............

PM Bilateral

وزیراعظم نریندر مودی نے برازیل کے Rio De Janerio میں G20 سربراہ میٹنگ کے موقع پر برطانیہ، اٹلی، فرانس، ناروے، پرتگال اور انڈونیشیا سمیت مختلف ممالک کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔

جناب مودی کی کل رات برطانیہ کے اپنے ہم منصب Keir Starmer کے ساتھ میٹنگ سود مند رہی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ برطانیہ کے ساتھ جامع کلیدی شراکت داری بھارت کے لیے انتہائی اہم ہے۔

جناب مودی نے فرانس کے صدر ایمینول میخواں سے ملاقات کی اور اِس سال کے شروع میں پیرس اولمپکس اور پیرالمپکس کی کامیاب میزبانی پر انہیں مبارکباد پیش کی۔

جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے فرانس کے صدر سے اس بارے میں بات کی کہ بھارت اور فرانس خلا، توانائی، آرٹیفیشیل انٹیلی جینٹس اور مستقبل کی خاطر دیگر شعبوں میں کس طرح قریبی اشتراک کے ساتھ کام کرتے رہیں گے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور فرانس عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو بڑھانے کے لیے بھی مل کر کام کریں گے۔

جناب مودی اور اٹلی کی ان کی ہم منصب جارجیا ملونی کے درمیان ایک دو طرفہ میٹنگ ہوئی جس میں دونوں ملکوں کے درمیان دفاع، سیکیورٹی، تجارت، اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب موری نے مطلع کیا کہ انھوں نے اس بارے میں بھی بات کی کہ ثقافت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں اشتراک کو کیسے بڑھایا جا سکتا ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت۔ اٹلی دوستی ایک بہتر کرہئ ارض کے لیے کافی سود مند ثابت ہو سکتی ہے۔

جناب مودی نے اپنے ناروے کے ہم منصب Jonas Gahr Store سے بھی ملاقات کی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت Arcticپالیسی کی بدولت بھارت-ناروے تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں۔

وزیراعظم نے انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto کے ساتھ باہمی میٹنگ کی۔ ایک ٹویٹ میں جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں کے لیے یہ سال خصوصیت کا حامل ہے کیونکہ بھارت-انڈونیشیا کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 برس مکمل ہوئے ہیں۔

جناب مودی نے پرتگال کے وزیراعظم Luis Montenegro کے ساتھ بھی دو طرفہ میٹنگ کی جس میں دونوں ملکوں کے درمیان اقتصادی رابطے بڑھانے پر خاص زور دیا گیا۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پرتگال کے ساتھ بھارت کے دیرینہ رشتے ہیں-x

## PM Global Alliance

وزیراعظم نریندر مودی نے Rio De Janeiro میں جی ٹوئنٹی سربراہ اجلاس میں بھکمری اور غریبی کے خلاف عالمی اتحاد کی شروعات کئے جانے کیلئے برازیل کی جی ٹوئنٹی صدارت کے ذریعے پہل کو سراہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ مشترکہ اقدام خوراک کے تحفظ اور دنیا بھر میں محروم طبقات کو اوپر لانے کو یقینی بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے اِس کوشش میں بھارت کے مکمل تعاون کی یقینی دہانی کرائی-X

## ISRO GSA 20

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO نے گل رات امریکہ کے Cape Canaveral سے اپنے سب سے جدید ترین مواصلاتی سیارچے GSAT 20کو SpaceX's Falcon 9 rocketسے کامیابی کے ساتھ روانہ کیا۔ اسے روانہ کیے جانے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسرو کے چیئرمین ایس-سومناتھ نے کہا کہ سیارچے کو کامیابی کے ساتھ روانہ کیا گیا، وہ ٹھیک پوزیشن میں ہے اور شمسی پینلس کو نصب کردیا گیا ہے۔ یہ سیارچہ دور دراز کے علاقوں میں براڈ بینڈ خدمات اور مسافر بردار طیاروں میں انٹرنیٹ سروس فراہم کرے گا۔ یہ 14 برس تک اپنی کارروائی انجام دیتا رہے گا۔ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ اسرو نے اپنی کمرشیل شاخ نیو اِسپیس انڈیا لمیٹڈ کی جانب سے SpaceX rocket کے ذریعے کسی سیارچے کو روانہ کیا ہے۔

چار ہزار 700 کلوگرام وزن کا GSAT 20 بھارت کا سب سے زیادہ وزن دار مواصلاتی سیارچہ ہے۔ GSAT 20بھارت کے اپنے راکٹ LVM 3 کے لیے زیادہ وزن دار تھا جسے عام طور پر باہوبلی کہا جاتا ہے، اسی لیے اسے روانہ کرنے کی خاطر SpaceX کا انتخاب کیا گیا۔x

K Murthy CAG

K Sanjayمورتی کو بھارت کے Comptroller and Auditor General کی حیثیت سے مقرر کیا گیا ہے۔ جناب مورتی فی الحال تعلیم کی وزارت میں اعلیٰ تعلیم کے محکمے کے سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ گریش چندر مرمو کی جگہ لیں گے، جنہیں اگست 2020 میں CAG کی حیثیت سے مقرر کیا گیا تھا۔X

Chattisgarh Arrest

CBIنے چھتیس گڑھ میں CGPSC تقرری گھوٹالے سے متعلق ایک کیس میں ریاستی پبلک سروس کمیشن کے سابق چیئرمین تمن سنگھ سونوانی کو گرفتار کیا ہے۔ CBI نے اس گھوٹالے کے سلسلے میں ایک پرائیویٹ اسٹیل کمپنی کے ڈائریکٹر کو بھی گرفتار کیاہے۔ چھتیس گڑھ پبلک سروس کمیشن کے سابق چیئرمین سونوانی نے بھرتیوں میں اپنے رشتے داروں کی مبینہ طور پر حمایت کی تھی۔X

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Maha Poll Arrangement

مہاراشٹر میں کل ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ ریاست میں سبھی 288 سیٹوں کیلئے واحد مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی، جو صبح سات بجے شروع ہوگی اور شام چھ بجے ختم ہوگی۔

ایک طرف حکمراں BJP کی قیادت والا مہایوتی اتحاد اقتدار میں برقرار رہنے کی کوشش کررہاہے، ساتھ ہی مہا وکاس اگھاڑی ریاست میں پھر سے واپسی کی امید کررہاہے۔ 2 ہزار 86 آزاد امیدواروں سمیت کُل 4 ہزار 136 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ بی جے پی 149 سیٹوں پر، شیو سینا 81 پر چناؤ لڑ رہی ہے۔ جبکہ اجیت پوار کی قیادت والی این سی پی نے 59 اسمبلی حلقوں میں اپنے امیدواروں کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔

کانگریس نے 101 امیدواروں کو، شیو سینا UBT نے 95کو اور این سی پی (SP) نے 86 امیدواروں کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔ بہوجن سماج پارٹی اور آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین (AIMIM)سمیت چھوٹی پارٹیاں بھی انتخاب لڑ رہی ہیں۔ 288 رکنی اسمبلی میں BSP نے 237، جبکہ AIMIM نے 17 امیدوار کھڑے کئے ہیں۔

انتخابی کمیشن نے اِس مرتبہ پولنگ کا فیصد بڑھانے کیلئے مختلف اقدامات کئے ہیں۔

ایک رپورٹ

V/C-Prarthana

انتخابی کمیشن بڑی تعداد میں ووٹ ڈالنے کیلئے ووٹروں کی حوصلہ افزائی کرنے کی خاطر SVEEPپروگرام کے تحت ملٹی میڈیا مہم چلا رہا ہے۔ ساتھ ہی انتظامیہ ریاستی سطح پر گھر گھر دورے، انسانی زنجیروں، پربھات بھیریوں، نکڑ ناٹک، سائیکل اور بائک ریلیوں، میراتھن، ووٹرحلف اور مختلف مقابلوں وغیرہ سمیت ووٹروں میں بیداری سے متعلق سرگرمیاں چلا رہا ہے۔ سینٹرل بیورو آف کمیونیکیشن نے ایک ووٹر Awarness وین کا بندوبست کیا ہے جو ووٹنگ کے طریقۂ کار، پولنگ اسٹیشن کے مقامات، مثالی ضابطۂ عمل وغیرہ سے متعلق بیداری پھیلانے کیلئے 15 ضلعوں میں اُن مقامات کا دورہ کرے گی جہاں اب تک کم تعداد میں ووٹنگ ہونے کا ریکارڈ رہا ہے۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں-----

Jharkhand Poll Arrangement

جھارکھنڈ میں بلارکاوٹ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے کَل دوسرے مرحلے کے تحت ہونے والی پولنگ کیلئے سبھی انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ ریاست بھر کے 12 اضلاع کے کُل 38 حلقوں میں اِس مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C- K K Lal / Bhopendra

جھارکھنڈ میں اِس مرحلے میں مختلف اہم سیٹوں کیلئے سرکردہ امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ Barhaitسیٹ سے وزیراعلیٰ ہیمنت سورین انتخاب لڑ رہے ہیں۔ جبکہ جھارکھنڈ BJP سربراہ بابولال مرانڈی دھنور سیٹ سے انتخابی میدان میں ہیں۔ Silli ایک اور اہمیت کی حامل سیٹ ہے جہاں سے AJSU پارٹی سربراہ سُدیش مہتو انتخاب لڑ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ کی اہلیہ کلپنا سورین Gandeyسیٹ سے اپنی قسمت آزما رہی ہیں اور وزیراعلیٰ کے بھائی Basant سورین دُمکا سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔

اِس مرحلے کے تحت 55 خواتین سمیت 528 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ ایک کروڑ 23 لاکھ رائے دہندگان اِن امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

پولنگ کو بلارکاوٹ منعقد کرانے کیلئے 12 ضلعوں میں کُل 14 ہزار 218 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ اِن میں سے 7 ہزار پولنگ مراکز سکیورٹی کے نقطہئ نظر سے نہایت اہم ہے۔

بلارکاوٹ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے حساس علاقوں میں مرکزی نیم فوجی دستوں کی 600 کمپنیاں تعینات کی گئی ہیں۔

رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامہ کیلئے میں----------

## Amit Shah Gujarat Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج گاندھی نگر میں راشٹریہ رکشا یونیورسٹی میں آل انڈیا پولیس سائنس کانگریس کے گولڈن جبلی ایڈیشن کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعلیٰ بھوپندر پٹیل بھی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔ جناب شاہ جو گجرات کے دو روزہ دورے پر ہیں آج گجرات میں مختلف اہم پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے۔ اِس برس آل انڈیا پولیس سائنس کانگریس ایک سنگ میل کی حیثیت رکھنے والی تقریب ہے، جس میں بھارت کی policing کے مستقبل، عالمی نوعیت کے بہترین طریقہ کار اور ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

ایک رپورٹ

## V/C- Aparna Khunt

اِس دو روزہ کانفرنس میں نئے فوجداری قوانین میں فارنسک اور ٹیکنالوجی کے استعمال، نظامِ انصاف میں AI کے استعمال، قدرتی آفت کی صورت میں خطرات کو کم کرنے میں پولیس کے رول اور پولیسنگ میں بلاک چین ٹیکنالوجی کے مستقبل جیسے معاملات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ مرکزی اور ریاستی پولیس فورس کے تقریباً 250 شرکاء، فارنسک ماہرین اور ماہرین تعلیم کے کانفرنس میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔

اِس کانفرنس کے موقع پر ایک پولیس سائنس Exhibition کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔ صبح میں جناب شاہ گاندھی نگر میں ڈاک ٹکٹوں کی ایک نمائش کا افتتاح کریں گے اور دوپہر میں ہمت نگر میں 800 میٹرک ٹن والے جانوروں کے چارے سے متعلق پلانٹ کا آغاز کریں گے۔

احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

## MP Bhili Dialect

مدھیہ پردیش میں، ایک منفرد پہل کے تحت صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی کی تقاریر اور قومی اہمیت کی حامل اہم سرگرمیوں کو ریاست کے Jhabua ضلعے میں Bhiliزبان میں ترجمہ کیا گیاہے۔ وزیراعظم کے ریڈیو پروگرام من کی بات سمیت مختلف تقاریر کا اب تک Bhili میں ترجمہ کیا جاچکا ہے۔ اِس پہل میں اسکول سطح کی نصابی کتابیں بھی شامل ہیں۔X

Delhi Pollution

دلّی NCR خطے میں ہوا کا معیار مزید خراب ہوگیا ہے اور یہ آج صبح چھ بجے ہوا کے معیار کے اوسط اشاریے اے کیو آئی 494 کے ساتھ "انتہائی خطرناک سے بھی زیادہ" کی سطح کو پار کرگیا ہے۔ آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں AQIکی سطح 500 ریکارڈ کی گئی ہے۔ دلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر 500، بوانا میں 500، آنندوہار میں 500، جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں 493، اوکھلا فیس ٹو میں 490، NISITدوارکا میں 473 جبکہ ITO پر اے کیو آئی 391 ریکارڈ کیا گیا۔

قومی راجدھانی میں فضائی آلودگی کی سطح میں اضافہ ہونے کے تناظر میں دلی کے لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ نے سبھی سرکاری دفاترمیں مرحلے وار ٹائمنگ کو نافذ کرنے کی ہدایت دی ہے۔

یہ حکم دلی کے سبھی سرکاری اور میونسپل کارپوریشن کے دفتروں میں نافذ العمل ہوگا۔ دلی میونسپل کارپوریشن کے دفاتر صبح ساڑھے آٹھ بجے سے شام ساڑھے پانچ بجے تک کھلے رہیں گے۔ جبکہ دہلی حکومت کے دفاتر صبح دس بجے سے شام ساڑھے چھ بجے تک کام کریں گے۔ یہ بندوبست اگلے سال فروری تک نافذ العمل رہے گا۔

اس دوران دلی کی وزیراعلیٰ آتشی نے اعلان کیا ہے کہ دسویں اور بارہویں کلاسوں سمیت دلی کے اسکولوں میں سبھی کلاسیں بالخصوص آج سے آن لائن منعقد کی جائیں گی۔ دلی یونیورسٹی بھی ہفتے تک آن لائن طریقے سے کلاسیں منعقد کرے گی۔

آج قومی راجدھانی کے مختلف حصوں میں صبح کے وقت میں کہرے کی ہلکی سے اوسط پرت دیکھی گئی۔

بھارت کے محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ دلی اور این سی آر میں اگلے دو روز کے دوران رات اور صبح کے وقت میں دھواں اور دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔X

Badminton China Open

چائنا اوپن ماسٹر بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج سے Shenzan میں شروع ہو رہا ہے۔ بھارت کے شٹلرس آج ٹورنامنٹ میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ بھارت کے سُمت ریڈی اور این۔سیکی ریڈی مکسڈ ڈبلز کے 32 ویں راؤنڈ میں امریکہ کی جوڑی Pressley Smith اور Jennie Gai سے ہوگا۔

دوسری طرف مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی چائنا کی تائی پائی Yang-po Hsuan اور Lee Jhe-Huei سے اپنا پہلا مقابلہ کھلیں گے۔

جب کہ مردوں کے سنگلز میں راؤنڈ 32 میں لکشیہ سین ملیشیا کے Lee Zii Jia کے مد مقابل ساتویں سیڈ میں کھیلیں گے۔ خواتین کے سنگلز میں آج PV سندھو کا مقابلہ تھائی لینڈ کی Supanida Katethongسے ہوگا۔

آکرشی کشیپ اپنا افتتاحی مقابلہ جاپان کی Tomoka Miyazaki سے کھیلیں گی جبکہ Malvika بنسوڑ ڈنمارک کی کھلاڑی Hojman Kjaersfeldt سے اپنا پہلا راؤنڈ کھیلیں گی۔

بھارت کی جوڑی ٹریسا جولی اور گیاتری گوپی چند اپنے افتتاحی میچ میں چائنا کی جوڑی Liu Sheng Shuاور Tan Ning سے ہوگا۔x

Bihar Hockey

خواتین کے ایشین چمپئن ٹرافی 2024 کا سیمی فائنل آج کھیلا جائے گا۔ اس سیمی فائنل کا پہلا مقابلہ دوپہر دو بج کر 15 منٹ پر کھیلا جائے گا، جس میں چین کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا۔ یہ میچ راجگیر بین الاقوامی اسٹیڈیم میں ہوگا۔

دوسرے سیمی فائنل میں ٹورنامنٹ کی پسندیدہ ٹیم بھارت کا مقابلہ جاپان سے چار بج کر 45 منٹ پر کھیلا جائے گا۔ سب کی نگاہیں سلیمہ Tete کی زیر قیادت بھارتی ٹیم پر ہوں گی، جو اب تک ناقابل شکست رہی ہے اور 15 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے۔

راؤنڈ رابن لیگ میچوں میں میزبان بھارت نے اپنے پانچوں میچ جیت کر اپنی برتری قائم رکھا ہے۔ فائنل کل شام چار بج کر 45 منٹ پر کھیلا جائے گا۔X

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu :پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسد اللہ

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے تین ملکوں کے دورے کے دوسرے مرحلے میں جی ٹوئنٹی سربراہ اجلاس سے خطاب کئے جانے اور اعلامیہ منظور کئے جانے کی خبر کو پیش کیا ہے۔

اخبار لکھتا ہے کہ برازیل پہنچنے پر بھارتی برادری کے لوگوں نے جناب مودی کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔

روزنامہ پرتاپ، راشٹریہ سہارا اور انقلاب سمیت آج کے سبھی اخباروں نے منی پور کی صورتحال پر وزیر داخلہ امت شاہ کی اعلیٰ سطحی سکیورٹی حکام کے ساتھ میٹنگ کی خبر کو صفحہئ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ ایکسپریس کی ایک خبر کے مطابق وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آسیان ممالک کے وزرائے دفاع کی میٹنگ میں شرکت کیلئے بدھ کو لاؤس جائیں گے۔

اسی اخبار کی ایک اور خبر ہے کہ نغمہ نگار گلزار کو صدر جمہوریہ ادبی اعزاز سے نوازیں گی۔ اخبار لکھتا ہے کہ صدر جمہوریہ ہفتے کو قومی راجدھانی میں منعقد ایک تقریب میں انہیں یہ اعزاز عطا کریں گی۔

چھ ممالک کے سفیروں نے کل اپنی اسناد صدر جمہوریہ کو پیش کیں۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے پہلے صفحے پر نمایاں کیا ہے۔

دلی این سی آر میں بڑھتی ہوئی آلودگی کے سبب تمام اسکول بند کرنے کا سپریم کورٹ نے حکم دیا۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اولیت دی ہے۔X

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. برازیل میں G20 کے رہنماؤں نے Rio De Janeiro اعلامیے کو منظور کیا ہے۔ انھوں نے آب و ہوا کی تبدیلی اور یوکرین اور مغربی ایشیا میں جنگ کے حوالے سے اقدامات پر زور دیا۔
1. وزیراعظم نریندر مودی نے G20 سربراہ کانفرنس کے موقع پر برطانیہ، اٹلی، فرانس اور ناروے سمیت مختلف ملکوں کے عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی۔
2. خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے امریکہ میں Cape Canaveral سے SpaceXکے Falcon 9 راکٹ کے ذریعے اپنے سب سے جدید ترین مواصلاتی سیارچے GSAT 20 کو روانہ کیا ہے۔
3. جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کی کل ہونے والی پولنگ کے لیے سبھی انتظامات کرلیے گئے ہیں۔

4. مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج گاندھی نگر میں آل انڈیا پولیس سائنس کانگریس کی گولڈن جوبلی تقریبات کا افتتاح کریں گے۔
5. اور: آج Shenzen میں چائنا اوپن ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا آغاز ہو رہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------